© rasailojaraid.com



# حسنِ انتقاد

تبصرہ کے لئے دو کتابوں کا آنا ضروری ہے۔

تبصرہ نگار: سید کفیل بخاری

کتاب: شانِ صحابہ رضی اللہ عنہم مرتب: مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی

ضخامت: ۱۲۸ صفحات: قیمت: ۴۰ روپے علاوہ ڈاک خرچ ناشر: دارالاشاعت، مدنی روڈ، اٹک شہر

صحابہ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم اجمعین کا سب سے بڑا شرف یہ ہے کہ اللہ جل شانہ نے انہیں رحمۃ اللعالمین ﷺ کی معیت اور صحبت سے سرفراز فرمایا۔ اس قدسی صفت جماعت کو زمانی اور مکانی دونوں معیتیں نصیب ہوئیں۔ خود نبی کریم ﷺ کے ارشاد کے مطابق "اللہ نے انہیں میرے لیئے چن لیا" قرآن کریم میں تقریباً ساڑھے چار سو آیات صحابہ کرام سے متعلق ہیں۔ اللہ جل شانہ نے انہی کے ایمان و عمل کو حجت کے طور پر پیش کیا ہے اور انہیں معیارِ حق قرار دیا ہے۔

زیر نظر کتاب میں حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی مدظلہ نے نہایت سادہ اور سلیس انداز میں فضائل و مناقب اور خصائل صحابہ کرام رضی اللہ عنہم جمع کئے ہیں۔ خوبی یہ ہے کہ ۳۴ عنوانات قرآنی آیات سے مدلل و مزین ہیں۔ تشریح و تفصیل کے لیئے احادیث رسول ﷺ سے استفادہ کیا گیا ہے۔ ابتداء میں "نفاق کی تشریح" کے زیر عنوان قرآن کریم میں منافقین کی مذکور نشانیوں کو بیان کیا گیا ہے تاکہ سبائی اور رافضی پروپیگنڈے سے مرعوب و متاثر مسلمان، مومن اور منافق میں تمیز کر سکیں۔

کتاب کے آخر میں "ارشادات قرآنی کا خلاصہ" کے زیر عنوان صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی شان میں وارد آیات قرآنی مع ترجمہ درج کی گئی ہیں۔

حضرت قاضی صاحب مدظلہ کی مرتب کردہ یہ مختصر کتاب انتہائی اہم، جامع اور لائق مطالعہ ہے۔ عصر حاضر کے فتنوں میں "ناقدین صحابہ" کا فتنہ نہایت خطرناک ہے اور اس کی فتنہ سامانیوں کے سدباب کے لیئے کتاب اپنی مثال آپ ہے۔

## "انوار الحدیث"

افادات: حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی مرتبہ: محمد عثمان غنی..... ضخامت: ۲۷۲ صفحات

طبع اول: ربیع الاول ۱۴۱۷ھ بمطابق جولائی ۱۹۹۶ء ہدیہ: ۱۶۰/۰۰ روپے ناشر: دارالارشاد مدنی روڈ اٹک شہر

حضرت مولانا قاضی محمد زاہد الحسینی مدظلہ گزشتہ چھتیس برس سے واہ کینٹ میں درس حدیث کے ذریعے مسلمانوں کو دعوت دین دے رہے ہیں۔ آپ کے ان دروس کو جناب عثمان غنی مرتب کر کے شائع کر رہے ہیں۔

(بقیہ ص ۱۸ پر دیکھیں)



© rasailojaraid.com